پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

07/01/2022

وزیر قانون اور انصاف نے وسط ودھان سبھا حلقہ میں
65.69 لاکھ روپئے کی لاگت سے 10 پروجیکٹ عوام کو معنون کیا

-لکھنؤ: ۷/ جنوری ۲۰۲۲ء

اترپردیش کے وزیر قانون اور انصاف نیز دیہی انجینئرنگ جناب برجیش پاٹھک نے اپنے وسط ودھان سبھا حلقہ کی ترقی کیلئے 291.33 لاکھ روپئے کی لاگت سے جلد اقتصادی ترقیاتی اسکیم کے تحت کرائے جانے والے ترقیاتی کاموں اور ایم ایل اے فنڈ سے 77.13 لاکھ روپئے کی لاگت سے ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس کے ساتھ ہی 65.69 لاکھ روپئے ک ی لاگت سے 10 پروجیکٹ عوام کو معنون کیے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرانا ہماری اولین ترجیح ہے۔ وسط ودھان سبھا حلقہ کی ہمہ جہت ترقی کیلئے پابند عہد ہے۔ انہوں نے کہا کہ وسط ودھان سبھا حلقہ کا چہار سمت ترقی ہو رہی ہے۔

جناب پاٹھک محکمۂ دیہی انجینئرنگ کے ذریعہ کرائے گئے ترقیاتی کاموں کو عوام کو معنون اور سنگ بنیاد تقریب کو خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ اس ترقیاتی پروجیکٹوں کے مکمل ہو جانے سے اس علاقہ کے باشندوں کو اس کا فائدہ ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ وسط ودھان سبھا حلقہ کے سبھی پروجیکٹ جلد از جلد اپنے مقررہ وقت پر مکمل ہو جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے وسط ودھان سبھا حلقہ میں ترقیاتی کاموں کو عوام کو معنون رسنگ بنیاد رکھا جا رہا ہے۔ انہوں نے افسران کو ہدایت دی کہ کرائے جانے والے ترقیاتی کاموں کو ترجیحی اور معینہ مدت میں معیار کے ساتھ مکمل کرانے پر خصوصی توجہ دی جائے۔

☆☆☆☆☆